نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کسان کارڈ کی رجسٹریشن بارے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور: 12 جون 2024: کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ یہ ایک ایسی پرکشش سکیم ہے جس کے لیے کاشتکاروں کو اس کی رجسٹریشن کے عمل سے متعلق صرف آگاہی فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کارڈ کی رجسٹریشن سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کاشتکاروں کے لیے ایک شناختی کارڈ کے طور پر استعمال ہوگا۔آئندہ سے کاشتکاروں کو محکمہ زراعت کی تمام سہولیات کسان کارڈ کے ذریعے دستیاب ہوں گی۔جس کاشتکار کے پاس کسان کارڈ نہیں ہوگا وہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت کسی بھی سبسڈی کے حصول کے لیے اہل نہیں ہوگا۔کھالہ جات کی اصلاح،سبسڈی سکیمیں اور دیگر تمام سہولیات کے حصول کے لیے کسان کارڈ کا ہونا لازم ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ زراعت توسیع اور واٹر مینجمنٹ کا سٹاف کاشتکاروں سے رابطہ کر کے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے عملی کردار ادا کرے۔ ہر کاشتکار تک کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا پیغام لازماً جانا چاہیے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں 50 تا 60 لاکھ کاشتکار 1 تا 12.5 ایکڑ کی کیٹگری میں آتے ہیں جو کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے اہل ہیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ایڈمن پنجاب اعجاز منیر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ پنجاب کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔

☆☆☆☆